9:- کوئی بھی شخص یا کوئی انتخابی امیدوار اور اس کے حمایتی سرکاری املاک یا کسی سرکاری جگہ پر کوئی اشتہاری مواد چسپاں نہیں کریں گے۔ جب تک کہ اس کے لئے متعلقہ مقامی حکومت یا حکام سے تحریری اجازت نامہ حاصل نہ کیا گیا ہو اور اس کے لئے اگر کوئی فیس یا اخراجات مقرر ہوں تو وہ ادا نہ کر دیے گئے ہوں۔

10:- انتخابی مہم کے دوران دیواروں پر اشتہار لگانے اور وال چاکنگ کی تمام صورتوں میں ممانعت ہوگی اسی طرح انتخابی مہم کے دوران ماسوائے کارنر جلسوں کے لاوڈ اسپیکر کے استعمال پر بھی پابندی ہوگی۔

11:- کوئی بھی شخص یا امیدوار الیکشن کمیشن کے مقررہ کردہ مندرجہ ذیل سائز سے بڑے پوسٹر یا بینر نہیں لگائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| الف | پوسٹرز | 18انچ x 23انچ |
| ب | بینرز | 9x3فٹ |
| ج | ہینڈ بلز/ پمفلٹس، لیفلٹس | 9انچ x 6انچ |
| د | پورٹریٹس | 2فٹ x 3فٹ |

12:- انتخابی مہم کے دوران ہر قسم کے ہورڈنگز اور پینافلیکس پر مکمل پابندی ہو گی۔

13:- سیاسی جماعتیں، انتخابی امیدواران اور ان کے حمایتی کسی شخص کو بطور امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کرنے یا نہ کرنے یا اپنا نام بطور امیدوار واپس لینے یا نہ لینے کے لئے ترغیب دینے کے لئے کسی کو کوئی تحفہ یا لالچ نہیں دیں گے۔

14:- سیاسی جماعتیں، انتخابی امیدواران اور ان کے حمایتی اپنے مجموعی ترقیاتی پروگرام کا اعلان کر سکتے ہیں۔ لیکن انتخابی شیڈول کے اعلان سے لے کر ووٹ ڈالنے کے دن تک کوئی امیدوار یا اس کی ایماء پر کوئی بھی

شخص اعلانیہ یا خفیہ انداز میں کوئی چندہ یا عطیہ نہیں دے گا اور نہ ہی اپنے حلقہ انتخاب میں واقع کسی ادارے کو ایسا چندہ یا عطیہ دینے کا وعدہ کرے گا۔

